Inam/ Fazil

24-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں حبیب الرحمٰن

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے دوران بھارت کے نقطۂ نظر نے تعلقات قائم کرنے، فیصلہ کُن کارروائی کرنے اور بحران سے مؤثر طریقے سے نمٹنے میں اپنی مضبوطی کو اُجاگر کیا ہے۔

2- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے توانائی کی یقینی فراہمی سے متعلق امور پر تبادلۂ خیال کرنے کیلئے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

3- آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔

4- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی کے بعد پہلی ضمنی ووٹر فہرست جاری کی ہے۔

5- کولمبیا کا ایک فوجی طیارہ حادثے کا شکار ہو گیا ہے، جس میں 125 افراد سوار تھے۔ بچاؤ کی کارروائی جاری ہے۔

6- اور بھوبنیشور میں پہلی قومی انڈور ایتھلیٹکس چیمپئن شپ آج سے شروع ہو رہی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - West Asia

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے دوران بھارت کے نقطۂ نظر نے تعلقات قائم کرنے، فیصلہ کُن کارروائی کرنے اور بحران سے مؤثر طریقے سے نمٹنے میں اپنی مضبوطی کو اُجاگر کیا ہے۔ کل شام نئی دلّی میں ایک نجی میڈیا گروپ کی جانب سے منعقدہ سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ 28 فروری کے بعد عالمی سطح پر غیر یقینی کی صورتحال کے باوجود بھارت اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے اور ترقی کیلئے پُرعزم ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ملک اب چیلنجز سے گھبراتا نہیں بلکہ ان کا ڈٹ کر مقابلہ کرتا ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ مشکل اور جنگ جیسے حالات میں بھی دنیا بھارت کی پالیسیوں، حکمت عملی اور صلاحیتوں کو تسلیم کر رہی ہے۔

S/B - PM Summit

اس سے قبل، وزیر اعظم مودی نے لوک سبھا میں مغربی ایشیا کی موجودہ صورتحال کے بارے میں خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ محاذ آرائی کے باوجود بھارت میں توانائی کی یقینی فراہمی کا کوئی بحران نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پیٹرول، ڈیزل، تیل، گیس اور کھادوں کی بلا رکاوٹ فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے۔

S/B - PM Modi on Petrolium Reserve

West Asia Daily Brief

حکومت نے پھر یقین دلایا ہے کہ تمام ریفائنریز پوری صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں نیز گھریلو اور ٹرانسپورٹ مقاصد کیلئے قدرتی گیس کی فراہمی سو فیصد برقرار ہے۔ کل نئی دلّی میں مغربی ایشیا کے موجودہ حالات پر ہونے والی بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سیکریٹری سجاتا شرما نے بتایا کہ الاٹمنٹ اور پالیسی تعاون کے باعث پچھلے تین ہفتے میں تقریباً ساڑھے تین لاکھ نئے گھریلو اور کمرشیل PNG کنکشن فعال کیے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ LPG کی سپلائی پر نظر رکھی جا رہی ہے اور فراہمی جاری ہے۔

S/B - Sujata Sharma

اس کے علاوہ بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کے خصوصی سیکریٹری راجیش کمار سنہا نے کہا کہ تمام 22 جہاز اور 600 بھارتی ملاح محفوظ ہیں اور سمندر میں کسی حادثے کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

اس دوران وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے ایران کے صدر سے بات چیت کی اور اہم بنیادی ڈھانچے پر حملوں کی سخت مذمت کی۔ انہوں نے علاقائی استحکام اور عالمی سپلائی چینز پر ان حملوں کے اثرات کو اجاگر کیا اور جہاز رانی کے محفوظ راستوں اور جہازوں کی آمدورفت کی آزادی کے تحفظ کی ضرورت کا اعادہ کیا۔

S/B - Randhir Jaiswal

Jaishankar Talks

مغربی ایشیا تنازعہ کے تعلق سے بڑھتی ہوئی تشویش اور عالمی سطح پر اس کے اثرات کے درمیان وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کل امریکہ کے وزیرِ خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کی اور نئی دلّی میں خلیجی تعاون کونسل کے رکن ممالک کے سفیروں کے ساتھ ملاقات کی۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

VC - Sauma

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا کہ ان کی بات چیت مغربی ایشیا تنازعہ اور بین الاقوامی معیشت پر پڑنے والے اس کے اثرات پر مرکوز رہی۔ انہوں نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ دونوں نے توانائی سکیورٹی سے متعلق تشویش پر بھی تبادلۂ خیال کیا۔

وزیرِ خارجہ نے سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سمیت خلیجی تعاون کونسل، GCC کے رکن ممالک کے سفارتکاروں سے بھی ملاقات کی۔ سعودی عرب اور UAE میں 80 لاکھ بھارتی رہتے ہیں۔ اس میٹنگ میں بحرین، عمان، کویت اور قطر کے سفیروں نے بھی شرکت کی۔ وزیرِ موصوف نے سوشل میڈیا پر کہا کہ انہوں نے اور چھ سفیروں نے مغربی ایشیا تنازعہ پر تبادلۂ خیال کیا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے، خطے میں بھارتی برادری کی مسلسل مدد کیلئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

اس سے قبل دن میں وزیرِ خارجہ نے اپنے سری لنکائی ہم منصب Vijitha Herath سے بات کی اور مغربی ایشیا تنازعے کے اثرات پر تبادلۂ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پڑوس مقدم اور ویژن مہاساگر کے تئیں پُرعزم ہے۔

نئی دلّی سے Saumya Sharan کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں فہیم احمد۔x

West Asia Update

اس دوران، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے لیے آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے کی حتمی تاریخ میں توسیع کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ پانچ دن تک کیلئے ایران کے بجلی گھروں پر حملوں کو مؤخر کرے گا۔ جناب ٹرمپ نے یہ اعلان ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کیا، جو اس سے پہلے دی گئی 48 گھنٹے کی حتمی تاریخ کے ختم ہونے سے چند گھنٹے پہلے سامنے آیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ اور ایرانی حکام کے درمیان حالیہ بات چیت بہت اچھی اور نتیجہ خیز رہی ہے اور امید ظاہر کی کہ یہ مکمل اور حتمی حل کی طرف لے جا سکتی ہے۔

دوسری طرف، ایرانی سرکاری میڈیا نے خبر دی ہے کہ تہران نے واشنگٹن کے ساتھ مذاکرات کے امکان کو سختی سے مسترد کر دیا ہے اور اس بات پر زور دیا ہے کہ اس وقت دونوں فریقوں کے درمیان کوئی براہِ راست بات چیت نہیں ہو رہی ہے۔

ایک بیان میں، ایران کی وزارتِ خارجہ نے امریکی صدر ٹرمپ کے حالیہ بیانات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ ممکنہ فوجی منصوبہ بندی کیلئے وقت حاصل کرنے اور عالمی توانائی منڈیوں پر دباؤ کم کرنے کی کوششیں ہیں۔x

Parliament Today

لوک سبھا میں فائنانس بل 2026 پر بحث آج دوبارہ شروع ہوگی۔ اس بل کا مقصد مالی سال 2026-27 کیلئے مرکزی حکومت کی مالیاتی تجاویز کو نافذ کرنا ہے۔ مزید براں، سماجی انصاف اور تفویض اختیارات کے وزیر ڈاکٹر ویریندر کمار، ٹرانس جینڈر افراد (تحفظ حقوق) ایکٹ 2019 کا بل پیش کریں گے۔ اس بل کا مقصد ٹرانس جینڈر افراد (تحفظ حقوق) ایکٹ 2019 میں ترمیم کرنا ہے۔

راجیہ سبھا میں ایوان آج مزید بحث کیلئے تصرف (نمبر 2) بل 2026 پر غور کرے گا۔ اس کا مقصد مالی سال 2026-27 کی خدمات کیلئے بھارت کے مجموعی فنڈ سے مخصوص رقوم کی ادائیگی اور تخصیص کی منظوری دینا ہے۔x

Assmbly Polls

آسام، کیرالم اور پدوچیری اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل ختم ہو گیا۔ امیدوار جمعرات تک اپنے نام واپس لے سکتے ہیں۔ مذکورہ دونوں ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ایک ہی مرحلے میں اگلے مہینے کی 9 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 4 مئی کو کی جائے گی۔

اس دوران کیرالم میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے عمل کے مکمل ہونے کے بعد انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Smithy Keralm

*کیرالم میں انتخابی مہم تیز ہو گئی ہے، کیونکہ کل ریاست میں پرچے داخل کرنے کا عمل مکمل ہو گیا۔ تین اہم سیاسی محاذوں کے رہنماؤں نے ریاست کے مختلف حصوں میں اپنی انتخابی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں۔ وزیر اعلیٰ **Pinarayi Vijayan**، اپوزیشن رہنماء **V. D. Satheesan** اور **BJP** کے ریاستی صدر راجیو چندر شیکھر اُن اہم لیڈروں میں شامل ہیں، جو آنے والے دنوں میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے کئی سینئر رہنماؤں کے ریاست میں انتخابی مہم کیلئے پہنچنے کا امکان ہے۔ اس دوران کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ کے بعد جمعرات کو انتخابی مقابلے کی واضح تصویر سامنے آئے گی۔*

*تروانت پورم سے اِستھی ایم پلّوزتھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........*

مرکز کے زیر انتظام علاقے پدوچیری میں سخت مقابلے کیلئے صف بندی ہو گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Bibin S Nath

پدوچیری میں کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کے آخری دن کافی سرگرمی دیکھنے میں آئی، جہاں 326 امیدواروں نے 380 نامزدگیاں جمع کرائیں۔ اس کے ساتھ مجموعی طور پر 445 امیدواروں نے پدوچیری کی 30 اسمبلی سیٹوں کیلئے کُل 514 کاغذاتِ نامزدگی داخل کیے ہیں۔ کل پرچے داخل کرنے والے اہم رہنماؤں میں BJP کے ریاستی صدر وی-پی Ramalingam، کانگریس کے رہنما اور رکنِ پارلیمنٹ V Vaithilingam، سی پی آئی کے ریاستی سکریٹری سلیم، AIADMK کے ریاستی سکریٹری انبالاگن، اور Latchiya Jananayaka Katchi کے رہنما جوز چارلس مارٹن سمیت دیگر شامل ہیں۔

نامزدگیوں کے عمل کے مکمل ہونے کے بعد اب مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ایک سخت سیاسی مقابلے کیلئے میدان تیار ہو گیا ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے اتحادوں نے بھی سیٹوں کے بٹوارے کو حتمی شکل دے دی ہے۔ حکمراں NDA اتحاد میں آل انڈیا این آر کانگریس 7 سیٹوں پر، بھارتیہ جنتا پارٹی 10 سیٹوں پر چناؤ لڑیں گی، جبکہ AIADMK اور Latchiya Jananayaka Katchi دو دو سیٹوں پر چناؤ لڑیں گی۔ I.N.D.I.A اتحاد میں کانگریس پارٹی 16 سیٹوں پر، DMK بارہ سیٹوں پر، جبکہ Viduthalai Chiruthaigal Katchi اور CPI ایک-ایک سیٹ پر چناؤ لڑیں گی۔

تمل اداکار وِجے کی نئی پارٹی Tamilaga Vetri Kazhagam اٹھائیس سیٹوں پر چناؤ لڑ رہی ہے، جبکہ اُس کی اتحادی پارٹی Neyam Makkal Kazhagam دو سیٹوں پر میدان میں ہے۔ اس کے علاوہ کئی آزاد امیدوار بھی اپنی قسمت آزما رہے ہیں۔

پدوچیری سے Bibin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

اسی طرح آسام میں بھی سیاسی سرگرمیاں تیز ہو گئی ہیں۔ تمام اہم سیاسی پارٹیوں کے امیدواروں نے عوام کی حمایت حاصل کرنے کیلئے رائے دہندگان تک پہنچنا شروع کر دیا ہے۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

WB - EC SIR Suplimentary List

انتخابی کمیشن نے کل رات مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی SIR اور قانونی طور پر فیصلہ سازی کی تکمیل کے بعد پہلی ضمنی ووٹر فہرست جاری کر دی۔ ہر بُوتھ کی فہرستیں رات تقریباً 11 بجکر 55 منٹ پر انتخابی کمیشن کی ویب سائٹ پر دستیاب کرا دی گئی تھیں۔

اس ضمنی فہرست میں ان ووٹروں کے نام شامل ہیں، جن کے معاملات سپریم کورٹ کی ہدایات کے مطابق عدالتی افسران کی جانب سے نمٹا دیے گئے ہیں۔ چیف الیکٹورل آفیسر منوج کمار اگروال نے بتایا کہ اب تک تقریباً 29 لاکھ ناموں کی جانچ مکمل ہو چکی ہے۔ البتہ یہ فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکا کہ ان میں سے کتنے نام پہلی ضمنی فہرست میں شامل کیے گئے ہیں اور کتنے حذف کیے گئے ہیں۔

اس سے قبل، 28 فروری کو شائع ہونے والی حتمی ووٹر فہرست میں تقریباً 60 لاکھ ناموں کو قانونی طور پر فیصلہ سازی کے تحت رکھا گیا تھا۔x

TN - Final Seat Sharing - NDA

تمل ناڈو میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل منگل کو شروع ہوگا۔ AIADMK اور NDA نے کل سیٹوں کے بٹوارے کو حتمی شکل دی۔تمل ناڈو چناؤ کیلئے BJP ریاستی انچارج اور سینئر رہنما پیوش گوئل نے چنئی میں Edappadi Palanisami اور اتحاد کے رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کی۔ حکمراں DMK کی قیادت والے سیکولر ترقی پسند اتحاد، انتخابات کیلئے سیٹوں کے بٹوارے کو حتمی شکل دینے والا ہے۔ اتحاد میں پریم لتا وجے کانت کی قیادت والی ایک نئی پارٹی، DMDK شامل ہوئی ہے، جبکہ TVK پارٹی اِس اتحاد سے الگ ہوگئی ہے۔

CPM اور Thol Thirumavalavan کی قیادت والی VCK کے ساتھ سیٹوں کے بٹوارے پر بات چیت ابھی جاری ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...

VC - Joy

***قومی جمہوری اتحاد NDA آئندہ انتخابات اپنے اہم اتحادی AIADMK کے ساتھ لڑے گا۔ AIADMK، 178 سیٹوں پر چناؤ لڑے گی، جبکہ BJP ، ستائیس سیٹوں پر، ڈاکٹر امبو مانی کی قیادت والی PMK، اٹھارہ سیٹوں پر جبکہ ٹی ٹی وی دھنکارَن کی قیادت والی AMMK ، گیارہ سیٹوں پر چناؤ لڑے گی۔***

***DMK نے انڈین نیشنل کانگریس کے ساتھ 28 سیٹوں پر چنائ لڑنے کو حتمی شکل دے دی ہے، جو 2021 کے انتخابات کے مقابلے میں تین سیٹیں زیادہ ہیں۔کمیونسٹ پارٹی***

*آف انڈیا CPI کو پانچ سیٹیں، MDMK کو چار سیٹیں، جبکہ چھوٹے اتحادیوں جیسے KMDK، IUML اور MMK کو دو-دو سیٹیں دی گئی ہیں۔*
*PMK اور AMMK کو NDA اتحاد میں شامل کر لیا گیا ہے۔ ڈاکٹر انبومنی ایک بار پھر راجیہ سبھا کے رکن بن گئے ہیں، جنہیں بڑے اتحادی AIADMK کی حمایت حاصل تھی۔*
*Joy کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ....*

Colombian Military Plane

کولمبیا میں 125 افراد کو لے جانے والا ایک فوجی ٹرانسپورٹ طیارہ گذشتہ روز ملک کے جنوب مغربی حصے میں Take off کے فوراً بعد گِرکر تباہ ہوگیا۔ اِس حادثے میں ہلاکتوں کی تعداد فوری طور پر واضح نہیں ہوسکی ہے تاہم 77 افراد کو زندہ بچا لیا گیا ہے۔ وزیرِ دفاع Pedro Sanchez نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کہا ہے کہ طیارہ فوجیوں کو لے کر جارہا تھا، جب یہ المناک حادثہ Puerto Leguizamo میں پیش آیا، جو کہ Amazon کے صوبے Putumayo کا ایک دوز دراز علاقہ ہے۔ بعد میں کولمبیا کی فضائیہ کے کمانڈر کارلوس فرنانڈو سِلوا نے ایک ویڈیو بیان میں کہا کہ ہرکولیس C-130 طیارے میں 125 افراد سوار تھے، جس میں 114 فوجی اور 11 عملے کے ارکان تھے۔x

Athletics Championship

ملک میں ٹریک اینڈ فیلڈ کیلئے ایک نئے باب کا آغاز کرتے ہوئے، پہلی قومی اَتھلیٹکس چمپئن شپس آج بھوبنیشور کے کِلنگا اسٹیڈیم میں شروع ہورہی ہے۔ اِس دو روزہ مقابلے میں 278 کھلاڑیوں نے اندراج کرایا ہے، جس میں 97 خواتین شامل ہیں۔ اِس میں سینئر اور اَنڈر ٹوئنٹی دونوں زمروں میں مقابلے منعقد ہوں گے۔ منتظمین کے مطابق اِس ایوینٹ کا مقصد بھارت کے اِنڈور اَتھلیٹکس کلینڈر کو مضبوط بنانا اور کھلاڑیوں کو سیزن کے آغاز میں مسابقتی موقع فراہم کرانا ہے۔ چمپئن شپس کا افتتاح مردوں کی تین ہزار میٹر دوڑ سے ہوگا، جبکہ یہ مقابلے کل اختتام پذیر ہوں گے۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی علاقے اور سکم میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں دن کے دوران آندھی اور ژالہ باری کا بھی امکان ہے۔ محکمۂ موسمیات نے آندھرا پردیش، مراٹھواڑہ، مدھیہ مہاراشٹریہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تری پورہ،

شمالی اور جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں میں اِس ماہ کی 26 تاریخ تک گرج چمک اور بجلی گرنے کی پیشگوئی کی ہے۔ آج کیرالہ، ماہے، کونکن اور گوا میں گرم اور حبس زدہ موسم برقرار رہنے کا امکان ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ -حبیب الرحمٰن

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات نے مغربی ایشیاء کی صورتحال پر لوک سبھا میں وزیر اعظم نریندر مودی کے دیئے گئے بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے، مغربی ایشیاء کی جنگی صورتحال تشویشناک، ریاستوں سے ذخیرہ اندوزی کرنے والوں سے نمٹنے اور سخت کارروائی کرنے کی ہدایت اخبار انقلاب کی شہ سرخی ہے، ٹرمپ کے تیور نرم، ایرانی پلانٹس پر حملے موخر۔ اخبار پرتاپ نے وزیر خارجہ ایس جے شنکر کے حوالے سے سرخی لگائی کہ بھارت اور روس کے درمیان تعلقات مزید بہتر ہو رہے ہیں۔ اخبار نے کولمبیا میں ایک فوجی طیارے کے ساتھ حادثہ پیش آنے کی خبر کو بھی نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اس طیارے میں 110 فوجی سوار تھے۔

سلنڈر میں 14 کلو کے بجائے 10 کلوگرام گیس دینے کی رپورٹ کو حکومت نے محض افواہ قرار دیا۔ یہ خبر بھی اخبارات نے پہلے صفحہ پر شائع کی ہے۔

اخبارات نے وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن کے لوک سبھا میں دیئے گئے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ بحران کا شکار ہاؤسنگ پروجیکٹوں کو شرائط پوری ہونے پر ہی مدد ملے گی۔

اخبار کی دیگر اہم عالمی خبریں اس طرح ہیں :

- ایران کے ساتھ جنگ میں ٹرمپ مشکل صورتحال میں پھنس چکے ہیں: سابق امریکی وزیرِ دفاع کا بیان۔
- ایران نے بحری جہازوں سے 20 لاکھ ڈالر وصول کرنے کی تردید کی۔
- مشرقِ وسطٰی میں زبردستی معاہدے مسلط نہیں کئے جاسکتے: روسی وزیرِ خارجہ کا بیان۔
- کِم جونگ اُن تیسری بار شمالی کوریا کے صدر منتخب۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے دوران بھارت کے نقطۂ نظر نے تعلقات قائم کرنے، فیصلہ کُن کارروائی کرنے اور بحران سے مؤثر طریقے سے نمٹنے میں اپنی مضبوطی کو اُجاگر کیا ہے۔

2- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے توانائی کی یقینی فراہمی سے متعلق امور پر تبادلۂ خیال کرنے کیلئے ٹیلیفون پر بات چیت کی۔

3- آسام، کیرالم اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔

4- انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی کے بعد پہلی ضمنی ووٹر فہرست جاری کی ہے۔

5- کولمبیا کا ایک فوجی طیارہ حادثے کا شکار ہو گیا ہے، جس میں 125 افراد سوار تھے۔ بچاؤ کی کارروائی جاری ہے۔

6- اور بھوبنیشور میں پہلی قومی انڈور اتھلیٹکس چیمپئن شپ آج سے شروع ہو رہی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---